


# پری فزیبلیٹی تحقیق

(کٹ فلاور فارم۔ گلاب)

SMEDA

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.gov.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 111-111-456 (042)
فیکس نمبر: 6304926-7(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 111-111-456 (021)
فیکس نمبر: 5610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: 9213046-47 (091)
فیکس نمبر: 286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 831623, 831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 3 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 4 | سکیم کا تعارف | 4 |
| 4 | اجمالی جائزہ | 5 |
| 4 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 6 |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 8 |
| 5 | سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع | 9 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 10 |
| 5 | پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پراسس فلو) | 11 |
| 5 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 12 |
| 5 | معاشی کیفیت | 12.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 12.2 |
| 6 | کل لاگت کاروبار | 12.3 |
| 6 | درکار زمین | 12.4 |
| 7 | مشینری آلات اور فرنیچر | 12.5 |
| 7 | درکار خام مال | 12.6 |
| 8 | درکار افرادی قوت | 12.7 |
| 8 | آمدن۔متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول | 12.8 |
| 8 | متفرق لاگتیں | 12.9 |
| 8 | ضمیمہ جات | 13 |
| 8 | سودمند انتظامی تجاویز | 13.1 |
| 9 | ماہرین و مشیران | 13.2 |
| 9 | کارآمد روابط | 13.3 |
| 10 | کلیدی مفروضے | 13.4 |
| 11 | آمدن کا گوشوارہ | 13.5 |
| 12 | اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 13.6 |
| 13 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 13.7 |


نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 1. اظہارلاتعلقی

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اوراس بارے یں عمومی تصوراور معلومات دیتی ہے۔ اگر چہ، اس دستاویز میں شامل موادمختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/ معلومات پرمبنی ہے، مگراس کی بنیادمخصوص مفروضات پربھی ہے جومختلف صورتوں میں مختلف ہوسکتے ہیں۔ معلومات کی درستگی یامعتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یایقین دہانیوں کے بغیرمن وعن پیش کیا گیا ہے۔ اگر چہ اس دستاویز کی تدوین میں حددرجہ احتیاط اور توجہ برتی گئی ہے، لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہو سکتا ہے، اوراصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہوسکتے ہیں۔ سمیڈا(SMEDA)، اس کے ملازمین اورایجنٹ اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یادیگرنقصان کے ذمہ دارنہیں۔ شامل معلومات مزید کسی پیشہ وارانہ مشاورت کوخارج ازامکان نہیں بناتی۔ اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اورایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیےضروری معلومات اکٹھی کریں، بشمول معلومات پرعمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/ تکنیکی ماہر کے ساتھ پیشہ وارانہ مشاورت۔

سمیڈا کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر رابطہ کریں:www.smeda.org.pk

## 2. دستاویزکامقصد

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس تحقیق کا بنیادی مقصد ممکنہ کاروباری افرادکوسرمایہ کاری کے لیےمنصوبے کی شناخت میں معاونت دینا ہے۔ منصوبے کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں کی بنیادمہیا کرسکتی ہے اوراس مقصدکوپورا کرنے کی خاطر یہ دستاویز/سٹڈی منصوبے کابنیادی تصوروضع کرنے، آغازاور پیداوار، منڈی تک رسائی اورفراہمی، لاگت اور کاروباری انتظامات چلانے کےمختلف پہلوؤں کااحاطہ کرتی ہے۔

اس دستاویز کا مقصدممکنہ سرمایہ کاروں کوکٹ فلاورفارم (گلاب) میں سرمایہ لگانے کے لیےکاروبار کی عمومی تفہیم مہیا کرنا ہے تاکہ انہیں سرمایہ کاری کےاہم فیصلوں میں مدد ملے۔ دستاویزی معلومات سےمحروم یابہت کم دستاویزی معلومات والےشعبوں کے لیےابتدائی جائزہ رپورٹیں تیارکرنے کی ضرورت اس لیےبھی زیادہ نمایاں ہوگئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلےکی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے، آزمائش اورخطاکے ذریعےموجودہ کاروباروں کے وضع کردہ بہترین طورطریقے اورمخصوص صنعتی طریقے آشکارکرتی ہیں جوکاروبارقائم کرنے اورکامیاب طریقے سے چلانے کےمختلف پہلوؤں میں راہنما بن گئے۔

پوری دستاویز کابغور جائزہ لینے کےعلاوہ آپ کوچاہیے کہ آگے دیئے گئےاہم پہلوؤں کاخیال رکھیں جوسرمایہ کاری کےکسی بھی فیصلےکی بنیاد ہیں۔

## 3. سمیڈا(SMEDA) کاتعارف

چھوٹے اوردرمیانے درجے کےکاروبار کی ترقی کاادارہ (سمیڈا) حکومت پاکستان نے 1998ء میں قائم کیا تاکہ چھوٹے اوردرمیانے درجے کےکاروباری شعبے(SME) کو ترقی دینے کےذریعےمعیشت میں نئی جان ڈالی جاسکے۔

’’روزگار پیدا کرنے اورقومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت‘‘ کے جذبے کے ساتھ، SME شعبےکوترقی دینے کے ذریعے، SMEs کی تعداد، دائرۂ عمل اورمقابلہ بازی کو فروغ دینے کے ذریعے’’سمیڈا نے‘مخصوص شعبوں کی ریسرچ‘ انجام دی ہے تاکہ پالیسی، فنانس تک رسائی، کاروبار کےفروغ کی خدمات، اہم اقدامات اورادارے کی سطح پر اشتراک عمل اورنیٹ ورکنگ کےاقدامات کوشناخت کیاجاسکے۔

سرمایہ کاری کےکلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اورتشہیرسمیڈا کی جانب سےSME معاونت کانشان امتیازرہا ہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا نے SMEs کووسیع پیمانے پرفروغِ کاروبار کی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری راہنمائی کےعلاوہ ماہرین ومشیران کی نشاندہی اورضروریات کی بنیاد پرتعمیراستعداد کےمختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹریوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اورمعلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 4. سکیم کا تعارف

نوجوان کاروباری افراد کے لیے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی'' چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' برائے سال 2013-14ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد کی رعائیتی شرح سود پر قرضے مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر یہ کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

آٹھ سال تک کی میعاد کے لیے اور 10:90 تناسب کا بنک قرضہ(Debt) ذاتی سرمایہ(Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کے علاقے شامل ہیں۔

## 5۔ اجمالی جائزہ

کٹ فلاور خاص طور پر گلاب کی کاشت، جس کی پوری دنیا میں تمام اقسام کے پھولوں میں سب سے زیادہ تجارت کی جاتی ہے اگر صحیح طور پر کیا جائے تو کافی منافع بخش کاروبار ہے۔ کٹ فلاور کی مقامی ضرورت اسکے شادی بیاہ، سالگرہ اور دیگر تقریبات کو سجانے کے استعمال کی وجہ سے دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔

پاکستان میں یہ شعبہ ابھی تک مکمل جوبن سے کام نہیں کر رہا ہے۔ اس شعبہ کے پیچھے رہنے کی سب سے بڑی وجہ کسان کی جدید ٹیکنالوجی سے ناواقفیت ہے۔ اس شعبے کو پاکستان میں چلانے کا سارا کردار چھوٹے کسانوں/کاروباری حضرات کو جاتا ہے جنہوں نے فنی اور مالیاتی مدد کے بغیر سالہا سال اسے جاری رکھا۔ سستی لیبر کم کرایہ پر زمین کا حصول اور مناسب آب وہوا اس کاروبار میں سرمایہ کاری کو نفع بخش بناتی ہیں۔ اس کاروبار کو 5 ایکڑ زمین پر لگانے کیلئے 2.20 ملین روپے درکار ہیں جو کہ بیجائی اور چنائی میں استعمال ہونیوالے افراد کے علاوہ چھ(6) لوگوں کو ملازمت مہیا کریگا۔

وزیراعظم لون سکیم کے تحت اس منصوبے کو 10:90 تناسب کی ایکویٹی: ڈیٹ کے تحت اس منصوبے کو 10:90 ( قرضہ : ذاتی سرمایہ ) تناسب کے تحت سرمایہ مہیا کرنے کی تجویز ہے۔ اندورونی شرح منافع ٪85 اور قرض کی واپسی ( پے بیک ) کی مدت 1.62 سال ہے۔ تنہا ملکیت قانونی حیثیت کیساتھ اس کاروبار کو کرنا تجویز کیا جاتا ہے۔

## 6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان

اس پری فزیبیلٹی تحقیق کو بنانے کا مقصد پانچ (5) ایکڑ گلاب کا کٹ فلاور بنانے کا عمومی علم بہم پہچانا ہے۔

فارم کی زمین دس سال کے لمبے عرصے کیلئے کرایہ پر لینا تصور کیا گیا ہے۔ فارم پچاس (50) ہزار پودوں پر مشتمل ہوگا جن کی پیداواری عمر دس سال پر محیط ہوگی۔ فارم سالانہ کے حساب سے پچاس (50) لاکھ پھولوں کی پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتا ہوگا۔ تاہم پہلے سال فارم کی پیداوار چالیس (40) فیصد تصور کی گئی ہے کٹ فلاور ضلع اور شہر کی متعلقہ ہول سیل مارکیٹ میں فروخت کئے جائیں گے۔ منصوبے کی کل لاگت 2.2 ملین میں سے 0.52 ملین گردشی سرمایہ جبکہ بقیہ 1.68 ملین مستقل لاگت ہے۔

## 7۔ انتہائی قابل توجہ امور

مجوزہ منصوبہ کی مندرجہ ذیل کامیابی کیلئے امور پر توجہ دینا ضروری ہے

- ☆ کاروباری علم اور فلوری کلچر کا پس منظر۔
- ☆ مستند نرسریوں سے معیاری نمونے کو ڈھونڈنا اور خریدنیکی قابلیت خاص طور پر اندورونی ذاتی متبادل نرسری تیار کرنا اور آب پاشی کی موجودگی اور انتخاب۔
- ☆ مناسب زمین کیلئے تربیت یافتہ فارم عملے کا مہیا ہونا۔
- ☆ بڑے خریداروں کیساتھ تعلقات قائم کرنا، مناسب ذخیرہ اندوزی (Storage) اور ٹرانسپورٹ کی سہولت۔

## 8۔ ابتدائی وعملی استعداد

گلاب لگانے کے لئے فارم پانچ ایکڑ (5) ایکڑ زرخیز زمین پر محیط ہوگا۔ اوسطاً ایک سال میں ایک ایکڑ پر دس ہزار (10,000) پودوں کیساتھ دس لاکھ (1,000,000) پھول پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پودے کی پیداواری عمر 10 سال ہوگی۔ اس طرح تجویز کردہ فارم کی ایک سال میں کل پچاس لاکھ (5,000,000) پھول پیدا کرنے کی صلاحیت ہوگی۔ تاہم پیداوار کا بیس فیصد گلاب کے پھولوں کی پتیوں پر مشتمل ہوگا۔ اس طرح سے ایک ملین پھولوں سے بیچنے کیلئے 2,500 کلوگرام پھول کی پتیاں حاصل کی جائیں گی۔

## 9۔ سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع:

اگرچہ پنجاب کے اضلاع قصور اور شیخوپورہ، مٹیاری اور جھرک، سندھ، سوات اور وادی کوئٹہ نے اس شعبہ میں ترقی کے ذریعے کچھ مہارت حاصل کی ہے۔
تاہم پتوکی ابھی بھی پاکستان میں فلوری کلچر کی تجارت میں ایک مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ پتوکی منڈی تازہ پھول خاص طور پر گلاب کو بیچنے کا بڑا مرکز ہے۔ یہاں سے پھول پورے ملک بشمول کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں مہیا کئے جاتے ہیں۔
اس صنعت میں کچھ بڑے کاروباری نام ہیں تاہم زیادہ تر کاروبار غیر شناخت شدہ ہے۔اس لئے ایک نئے آنے والے کیلئے اس کار بار میں بڑی گنجائش ہے۔

## 10۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے

کٹ فلاور (گلاب) کے لئے متوقع مارکیٹ درج ذیل ہے۔
(۱) پھول کی منڈیاں جیسے پتوکی منڈی، بیگم کوٹ منڈی، ضلع شیخوپورہ
(۲) شہری علاقوں میں پھول کی پرچون دکانیں
(۳) کمپنیوں اور اداروں کو براہِ راست بڑی مقدار میں فروخت کرنا
(۴) تقریبات مذہبی رسومات کیلئے فروخت کرنا

## 11۔ پیداواری گردش عمل (پروڈکشن پراسس فلو)

پھولوں کی کاشت کا طریقہ کار درج ذیل بیان کیا گیا ہے:

**پنیری کی خریداری......> زمین ہموار کرنا......> بیج ڈالنا......> پانی لگانا......> چھوٹے پودوں کی دیکھ بھال......> پھول توڑنا، دھونا اور صاف کرنا......> پھول تازہ رکھنے کا بندوبست کرنا......> ظاہری جائزہ اور پیکنگ......> ترسیل > نیلامی**

## 12۔ منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ

وزیراعظم یوتھ بزنس لون کے تحت کٹ فلاور (گلاب) کے کاروبار کو تجارتی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا جائزہ لینے کیلئے ایک مفصل نمونہ منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔لاگت اور آمدنی سے متعلق مختلف احکامات اور جائزے کے نتائج اس حصے میں وضع کئے جا رہے ہیں۔
اندازے کی بنیاد پر آمدن کا گوشوارہ، گردش نقد کا گوشوارہ اور اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ کو ضمیمہ جات میں شامل کیا گیا ہے۔

### 12.1۔ معاشی کیفیت

اس مالیاتی نمونہ میں تمام اعداد و شمار کا حساب پانچ (5) ایکڑ زفارم سے پچاس لاکھ (5,000,000) پھول کی پیداوار لینے کیلئے لگایا گیا ہے۔جبکہ پہلے سال میں پودے ٪40 فیصد گنجائش کیساتھ بیس لاکھ (2,000,000) پھول پیدا کریں گے۔دوسرے سال میں پودے مکمل پیداوار دیں گے۔
منصوبہ میں کل سرمایہ کاری 2.20 ملین روپے ہے جس میں 1.68 ملین روپے کا مستقل لاگت اور 0.52 ملین گردشی اخراجات ہیں۔ فارم سے آمدن اور نفع کا انحصار زیادہ تر خام مال جیسے اچھے اور معیار کے پودے، بیج، کیڑے مار ادویات، مناسب آبپاشی، وقت پر جڑی بوٹیوں کے اتلاف پر منحصر ہے۔اگر ترجیحات صحیح طور پر نہ پہنچائی جائیں تو نتائج حاصل نہیں کئے جاسکتے اس صورتحال میں فارم کا مالک متوقع خریداروں کی ضروریات پوری نہ کر سکنے کی وجہ سے رقم وصول نہ کر سکے گا تو کاروبار کو چلانے کی لاگت میں اضافہ ہونے کا امکان بڑھ جائے گا۔تجویز کردہ اور اچھے معیار کی معلومات کا استعمال اس سرمایہ کاری کیلئے ضروری ہے۔
نیچے دیا گیا جدول اندرونی شرح منافع (IRR) اور کل لاگت کی مدتِ واپسی (Pay Back Period) کا عرض دکھاتا ہے۔

جدول1: منصوبے کا معاشی پہلو

| بیان | تفصیلات |
|---|---|
| اندورونی شرح منافع | 62% |
| کل لاگت کی مدت واپسی (سال) | 2.39 |
| موجودہ قدر حاصل(NPV) | 4,002,650 |

## 12.2۔ درکار سرمایہ

ذیل جدول ذاتی سرمایہ (Equity) کی ضرورت اور بینک کے قرضہ (Debt) کی شرح میں کمی بیشی کی تفصیل ظاہر کرتا ہے۔

جدول2: منصوبہ کے لئے درکار فنانسنگ

| بیان | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ | Rs.219,605 |
| بنک کا قرضہ | Rs.1,976,448 |
| سالانہ شرح سود | 8% |
| قرضہ کا دورانیہ | 8 |
| رعائیتی مدت | ایک سال |

## 12.3۔ کل لاگت کاروبار

مجوزہ کاروبار کو چلانے کے لئے ذاتی سرمایہ (Equity) اور بینک کے قرضے(Debt) سے متعلق تفصیلات درجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں۔

جدول3: منصوبہ کے لئے ابتدائی سرمایہ

| کل ابتدائی لاگت | روپے |
|---|---|
| زمین اور پنیری کی کاشت | 1,063,000 |
| فرنیچر اور آلات | 40,000 |
| زمین ہموار کرنا اور ذرائع آبپاشی | 573,679 |
| **کل مستقل لاگت** | **1,676,679** |
| **ابتدائی گردشی سرمایہ** | **519,375** |
| **منصبے کی کل لاگت** | **2,196,054** |

## 12.4۔ درکار زمین

مارکیٹ میں رائج اصولوں کے مطابق اس کاروبار کو کرنے کیلئے کم از کم درکار رقبہ چار (4) ایکڑ ہے تاہم اس پری فزیبلٹی تحقیق کیلئے ہم 5 ایکڑ رقبہ لیتے ہیں جس کا زیادہ حصہ پھولوں کی کاشت کے لئے مختص ہوگا جبکہ چھوٹی نرسری کو کرایہ پر لینا زیادہ سودمند ثابت ہوگا۔ زمین کی حالت کے مطابق فارم میں فی ایکڑ پودے لگانے کی گنجائش میں تغیرات آتے ہیں۔

**جدول4: منصوبہ کے لیے درکار جگہ**

| بیان | رقبہ | فی ایکڑ ٹھیکہ | سالانہ ٹھیکہ (روپے) |
|---|---|---|---|
| درکار زمین | 5 ایکڑ | **55,000** | **275,000** |

عام طور پر فی ایکڑ 6,000 سے 12,000 پودے کاشت کئے جاتے ہیں۔ لیکن اس پرفزیبلٹی تحقیق کیلئے فی ایکڑ 10,000 پودے لئے گئے ہیں۔

**جدول5: درکار گلاب کے پودے**

| بیان | کاشت کیلئے پودے | 5 ایکڑ کیلئے کل پودے | ریٹ فی پودہ | کل رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| گلاب کے پودے | 10,000 | 50,000 | 20 | 1,000,000 |
| زمین کی کاشت | | | | 63,000 |
| کل پودے | | | | 1,063,000 |

## 12.5۔ درکار مشینری، آلات اور فرنیچر

درجہ ذیل جدول میں ان آلات اور فرنیچر کی تفصیل ظاہر کرتا ہے جو کاشت کاری، فصل کی بہتر نگہداشت اور کٹائی (ہارویسٹنگ) کے لئے ضروری ہیں۔ چونکہ یہ ایک زرعی منصوبہ ہے اس لیے اس میں کسی مخصوص فرنیچر کی ضرورت نہیں ہے تاہم بنیادی فرنیچر رکھ کر با قاعدہ دفتر بھی ترتیب کیا جا سکتا ہے۔

**جدول6: مشینری، آلات اور فرنیچر کی تفصیلات**

| بیان | لاگت فی ایکڑ | کل رقم زمین |
|---|---|---|
| زرعی آلات | **4,000** | **20,000** |
| فرنیچر | | **20,000** |
| **کل** | | **40,000** |

## 12.6۔ درکار خام مال

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ وقت پر آب پاشی، تجویز کردہ کیڑے مار ادویات، مؤثر کھادیں اور صحیح طریقے سے جڑی بوٹیوں کی تلفی اس کاروبار کے مطلوبہ نتائج کے حصول اور منڈی میں مسلسل مال کی ترسیل کیلئے ضروری ہیں۔ نیچے دئے گئے جدول میں 1,000,000 پھول فی ایکڑ کی پیداوار حاصل کرنے کیلئے درکار زرعی مداخل کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

**جدول7: خام مال (زرعی مداخل) کی سالانہ لاگت**

| بیان | روپے |
|---|---|
| کھاد | 50,000 |
| کیڑے مار ادویات | 45,000 |
| آبپاشی | 70,000 |
| جڑی بوٹیوں کا تلفی | 40,000 |
| **کل** | **205,000** |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 12.7۔ افرادی قوت

**جدول 8: ضروری عملہ**

| بیان | درکار عملہ | ماہوار تنخواہ |
|---|---|---|
| مالک | 1 | 20,000 |
| ملازم | 5 | 50,000 |
| **کل عملہ** | **6** | **70,000** |

اس کام کو چلانے کیلئے مندرجہ بالا جدول میں انسانی وسائل کی تفصیلات مہیا کی گئی ہیں۔ عام طور پر ایک ایکڑ کیلئے ایک ملازم درکار رہتا ہے جبکہ جڑی بوٹیاں تلف کرنے کیلئے باہر سے عملہ حاصل کیا جائے گا جس کی لاگت پہلے ہی خام مال کے قیمت والے جدول میں شامل کر دی گئی ہے۔ کاروبار کا مالک فارم کی نگرانی کی ساتھ ساتھ مصنوعات کی منڈی تک رسائی اور فروخت کے فرائض بھی انجام دے گا۔

## 12.8۔ آمدن۔ متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول

اس کاروبار سے متوقع آمدنی اور ممکنہ ذرائع درجہ ذیل جدول میں دیے گئے ہیں۔

**جدول 9: متوقع آمدن اور ذرائع**

| مصنوعات | یونٹ | قیمت فروخت روپے فی یونٹ | پہلے سال کی پیداوار | پہلے ساک کی آمدن (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| پھول ٹہنی کے ساتھ | پھول | 1.52 | 1,600,000 | 2,432,000 |
| پھولوں کی پتیاں | پھول | 0.05 | 400,000 | 20,000 |
| **کل** | | | | **2,452,000** |

## 12.9۔ متفرق لاگتیں

کاشتکار اوپر بیان کئے گئے اخراجات کے علاوہ پھولوں کی پیکنگ اور ترسیل کے اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

# 13 ۔ ضمیمہ جات (Annexures)

## 13.1۔ سودمند انتظامی تجاویز

**ٹیکنالوجی**

فارم ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ ذخیرہ کرنے اور منڈی تک پہنچانے کے آلات اور طریقہ کار پر بھی زور دینا ضروری ہے۔

**منڈی کی رسائی اور فراہمی**

☆ مصنوعات کی تیاری اور پیکنگ
مصنوعات کی تیاری اور پیکنگ کیلئے ماہرین سے مشاورت فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔

☆ کاروبار کی تشہیر
کاروبار کی ترقی اور تشہیر کے لئے بینرز اور تقریبات کو تجویز کیا جاتا ہے۔

☆ فروخت اور ترسیل کا نظام
ماہرانہ رائے اور ترسیل کیلئے معاہدوں کی ضرورت ہوگی۔

☆ قیمت۔ زیادہ مقدار پر رعائت اور ابتدائی رعائتیں۔
معیار پر لاگت کو ترجیح نہیں دی جائے گی۔ تشہیر کیلئے اشیاء کی قیمت کم کی جاسکتی ہے۔ نرخ مقرر کرنے سے پہلے اشیاء کی لاگت کا اندازہ اچھی طرح زیرغور لایا جائے۔

**انسانی وسائل**

☆ تربیت اور ہنر مندی

تربیتی مواقعوں کی حوصلہ افضائی کرنی چاہیئے اور ذاتی اور عملے کے ادراک میں اضافہ، ملتے جلتے طریقہ کار کو دیکھنے سے ہوسکتا ہے۔

## 13.2۔ماہرین ومشیران

ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

ڈائریکٹر

انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز

فیکلٹی آف ایگریکلچرل

یونیورسٹی آف ایگریکلچرل، فیصل آباد

فون نمبر:۔ +92-41-9201281, +92-41-9200161

ڈاکٹر غلام جیلانی

PSO/PL (ویجیٹیبل)

پروگرام آن ویجیٹیبل کراپ

ہارٹیکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ

نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سینٹر

پارک روڈ، اسلام آباد

فون نمبر:۔ +92-51-9255061, +92-51-9255012

فیکس نمبر:۔ +92-51-9255034

ڈاکٹر محمد انجم علی

ڈائریکٹر جنرل (ایکسٹینشن)

ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ، حکومتِ پنجاب

21-ڈیوس روڈ، لاہور

فون نمبر:۔ +92-42-99200732

فیکس نمبر:۔ +92-42-99200743

چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO)

پاکستان ہارٹیکلچر ڈیویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی

30-N, ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن

لاہور

فون نمبر:۔ +92-42-99232210-17

فیکس نمبر:۔ +92-42-99232220

## 13.3۔ کارآمد روابط

Prime Minister's OfficePrime Minister's Office, www.pmo.gov.pk

Small and Medium Enterprise Development Authority, www.smeda.org.pk

National Bank of Pakistan (NBP), www.nbp.com.pk

First Women Bank Limited (FWBL), www.fwbl.com.pk

Government of Pakistan, www.pakistan.gov.pk

Ministry of Industries & Production, www.moip.gov.pk

Ministry of Education, Training & Standards in Higher Education, http://moptt.gov.pk

Government of Punjab, www.punjab.gov.pk

Government of Sindh, www.sindh.gov.pk

Government of Khyber Pakhtunkhwa, www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

Government of Balochistan, www.balochistan.gov.pk

Government of Gilgit Baltistan, www.gilgitbaltistan.gov.pk

Government of Azad Jamu Kashmir, www.ajk.gov.pk

Trade Development Authority of Pakistan (TDAP), www.tdap.gov.pk

Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), www.secp.gov.pk

Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) www.fpcci.com.pk

State Bank of Pakistan (SBP), www.sbp.org.pk

## 13.4۔ کلیدی مفروضے

### گردشی سرمایہ کے متعلق مفروضے

| | |
|---|---|
| 15 قابل ادا واجبات | 15 |
| قابل وصول واجبات | 5 |
| فرد خام مال | 30 |

### اخراجات کے متعلق مفروضے

| | |
|---|---|
| مواصلاتی اخراجات | 10 فیصد انتظامی اخراجات |
| سفری اخراجات | فروخت کا 3 فیصد |

### زیرِ استعمال استعداد کے متعلق مفروضے

| | |
|---|---|
| زیر استعمال استعداد | 40 فیصد |
| سالانہ شرح نمو | 20 فیصد |
| منصوبے کی انتہائی زیر استعمال استعداد | 80 فیصد |

## 13.5۔آمدن کا گوشوارہ

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 2,452,000 | 4,045,800 | 5,933,840 | 6,527,224 | 7,179,946 | 7,897,941 | 8,687,735 | 9,556,509 | 10,512,160 | 11,563,375 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Cost of goods sold 1 | 512,500 | 1,148,000 | 1,285,760 | 1,440,051 | 1,612,857 | 1,806,400 | 2,023,168 | 2,265,948 | 2,537,862 | 2,842,406 |
| Packing Material | 320,000 | 672,000 | 1,003,520 | 1,123,942 | 1,258,815 | 1,409,873 | 1,579,058 | 1,768,545 | 1,980,771 | 2,218,463 |
| Operation costs 1 (direct labor) | 480,000 | 489,600 | 499,392 | 509,380 | 519,567 | 529,959 | 540,558 | 551,369 | 562,397 | 573,644 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 36,000 | 39,600 | 43,560 | 47,916 | 52,708 | 57,978 | 63,776 | 70,154 | 77,169 | 84,886 |
| Total cost of sales | 1,348,500 | 2,349,200 | 2,832,232 | 3,121,289 | 3,443,948 | 3,804,211 | 4,206,561 | 4,656,017 | 5,158,198 | 5,719,399 |
| Gross Profit | 1,103,500 | 1,696,600 | 3,101,608 | 3,405,935 | 3,735,999 | 4,093,730 | 4,481,175 | 4,900,492 | 5,353,961 | 5,843,976 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 240,000 | 244,800 | 249,696 | 254,690 | 259,784 | 264,979 | 270,279 | 275,685 | 281,198 | 286,822 |
| Land lease rental expense | 275,000 | 302,500 | 332,750 | 366,025 | 402,628 | 442,890 | 487,179 | 535,897 | 589,487 | 648,436 |
| Travelling expense | 73,560 | 121,374 | 178,015 | 195,817 | 215,398 | 236,938 | 260,632 | 286,695 | 315,365 | 346,901 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 24,000 | 24,480 | 24,970 | 25,469 | 25,978 | 26,498 | 27,028 | 27,568 | 28,120 | 28,682 |
| Depreciation expense | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 |
| Amortization of pre-operating costs | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 |
| Subtotal | 780,228 | 860,822 | 953,099 | 1,009,669 | 1,071,456 | 1,138,974 | 1,212,786 | 1,293,513 | 1,381,838 | 1,478,509 |
| Operating Income | 323,272 | 835,778 | 2,148,509 | 2,396,266 | 2,664,543 | 2,954,757 | 3,268,389 | 3,606,979 | 3,972,123 | 4,365,467 |
| | | | | | | | | | | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 323,272 | 835,778 | 2,148,509 | 2,396,266 | 2,664,543 | 2,954,757 | 3,268,389 | 3,606,979 | 3,972,123 | 4,365,467 |
| Interest on short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Debt facility : Bank 1) | 164,044 | 150,184 | 131,967 | 112,239 | 90,872 | 67,733 | 42,673 | 15,533 | - | - |
| Subtotal | 164,044 | 150,184 | 131,967 | 112,239 | 90,872 | 67,733 | 42,673 | 15,533 | - | - |
| Earnings Before Tax | 159,228 | 685,594 | 2,016,542 | 2,284,027 | 2,573,670 | 2,887,024 | 3,225,716 | 3,591,446 | 3,972,123 | 4,365,467 |
| | | | | | | | | | | |
| Tax | 9,442 | 80,339 | 279,981 | 320,104 | 363,550 | 410,553 | 461,357 | 516,217 | 573,318 | 632,320 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **149,786** | **605,255** | **1,736,561** | **1,963,924** | **2,210,120** | **2,476,470** | **2,764,359** | **3,075,230** | **3,398,805** | **3,733,147** |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 13.6۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ

| Balance Sheet | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 175,000 | 384,417 | 956,242 | 2,813,565 | 4,902,258 | 7,250,706 | 9,867,923 | 12,772,824 | 15,984,868 | 19,893,542 | 26,037,221 |
| Accounts receivable | | 33,589 | 44,505 | 68,354 | 85,350 | 93,885 | 103,273 | 113,601 | 124,961 | 137,457 | 151,202 |
| Raw material inventory | 69,375 | 166,833 | 230,836 | 284,390 | 350,368 | 431,653 | 531,797 | 655,174 | 807,174 | 994,439 | - |
| Pre-paid annual land lease | 275,000 | 302,500 | 332,750 | 366,025 | 402,628 | 442,890 | 487,179 | 535,897 | 589,487 | 648,436 | - |
| Total Current Assets | 519,375 | 887,339 | 1,564,333 | 3,532,333 | 5,740,604 | 8,219,135 | 10,990,172 | 14,077,496 | 17,506,489 | 21,673,873 | 26,188,424 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Saplings & Land Tillage | 1,063,000 | 956,700 | 850,400 | 744,100 | 637,800 | 531,500 | 425,200 | 318,900 | 212,600 | 106,300 | - |
| Machinary & Equipment | 20,000 | 18,000 | 16,000 | 14,000 | 12,000 | 10,000 | 8,000 | 6,000 | 4,000 | 2,000 | - |
| Furniture & fixtures | 20,000 | 18,000 | 16,000 | 14,000 | 12,000 | 10,000 | 8,000 | 6,000 | 4,000 | 2,000 | - |
| Total Fixed Assets | 1,103,000 | 992,700 | 882,400 | 772,100 | 661,800 | 551,500 | 441,200 | 330,900 | 220,600 | 110,300 | - |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 573,679 | 516,311 | 458,943 | 401,575 | 344,207 | 286,839 | 229,472 | 172,104 | 114,736 | 57,368 | (0) |
| Legal, licensing, & training costs | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 573,679 | 516,311 | 458,943 | 401,575 | 344,207 | 286,839 | 229,472 | 172,104 | 114,736 | 57,368 | (0) |
| **TOTAL ASSETS** | **2,196,054** | **2,396,350** | **2,905,677** | **4,706,008** | **6,746,611** | **9,057,474** | **11,660,844** | **14,580,500** | **17,841,825** | **21,841,540** | **26,188,424** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 41,068 | 84,281 | 105,767 | 119,768 | 135,753 | 154,030 | 174,962 | 198,973 | 226,565 | 207,981 |
| Total Current Liabilities | - | 41,068 | 84,281 | 105,767 | 119,768 | 135,753 | 154,030 | 174,962 | 198,973 | 226,565 | 207,981 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Deferred tax | | 9,442 | 89,781 | 369,762 | 689,866 | 1,053,416 | 1,463,969 | 1,925,326 | 2,441,543 | 3,014,861 | 3,647,181 |
| Long term debt (Debt facility : Bank 1) | 1,976,448 | 1,976,448 | 1,756,968 | 1,519,272 | 1,261,846 | 983,054 | 681,123 | 354,132 | - | - | - |
| Long term debt (Debt facility : Bank 2) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 1,976,448 | 1,985,890 | 1,846,749 | 1,889,033 | 1,951,712 | 2,036,470 | 2,145,092 | 2,279,458 | 2,441,543 | 3,014,861 | 3,647,181 |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 | 219,605 |
| Retained earnings | | 149,786 | 755,041 | 2,491,602 | 4,455,526 | 6,665,646 | 9,142,116 | 11,906,475 | 14,981,704 | 18,380,509 | 22,113,657 |
| Total Equity | 219,605 | 369,391 | 974,646 | 2,711,207 | 4,675,131 | 6,885,251 | 9,361,721 | 12,126,080 | 15,201,310 | 18,600,115 | 22,333,262 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **2,196,054** | **2,396,350** | **2,905,677** | **4,706,008** | **6,746,611** | **9,057,474** | **11,660,844** | **14,580,500** | **17,841,825** | **21,841,540** | **26,188,424** |

## 13.7۔گردش نقد کا گوشوارہ

| Cash Flow Statement | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 149,786 | 605,255 | 1,736,561 | 1,963,924 | 2,210,120 | 2,476,470 | 2,764,359 | 3,075,230 | 3,398,805 | 3,733,147 |
| Add: depreciation expense | | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 | 110,300 |
| amortization of pre-operating costs | | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 | 57,368 |
| amortization of training costs | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | | 9,442 | 80,339 | 279,981 | 320,104 | 363,550 | 410,553 | 461,357 | 516,217 | 573,318 | 632,320 |
| Accounts receivable | | (33,589) | (10,916) | (23,848) | (16,996) | (8,535) | (9,388) | (10,327) | (11,360) | (12,496) | (13,746) |
| Raw material inventory | (69,375) | (97,458) | (64,002) | (53,554) | (65,978) | (81,285) | (100,144) | (123,377) | (152,000) | (187,264) | 994,439 |
| Accounts payable | | 41,068 | 43,212 | 21,486 | 14,001 | 15,985 | 18,277 | 20,931 | 24,011 | 27,592 | (18,584) |
| Other liabilities | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (69,375) | 236,917 | 821,555 | 2,128,294 | 2,382,722 | 2,667,503 | 2,963,437 | 3,280,611 | 3,619,765 | 3,967,623 | 5,495,244 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Debt facility : Bank 1 - principal repayment | | - | (219,480) | (237,697) | (257,426) | (278,792) | (301,931) | (326,991) | (354,132) | - | - |
| Debt facility : Bank 2 - principal repayment | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Add: land lease expense | | 275,000 | 302,500 | 332,750 | 366,025 | 402,628 | 442,890 | 487,179 | 535,897 | 589,487 | 648,436 |
| Land lease payment | (275,000) | (302,500) | (332,750) | (366,025) | (402,628) | (442,890) | (487,179) | (535,897) | (589,487) | (648,436) | - |
| Additions to Debt facility : Bank 1 | 1,976,448 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 219,605 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 1,921,054 | (27,500) | (249,730) | (270,972) | (294,028) | (319,054) | (346,220) | (375,709) | (407,721) | (58,949) | 648,436 |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (1,676,679) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (1,676,679) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| **NET CASH** | **175,000** | **209,417** | **571,825** | **1,857,322** | **2,088,694** | **2,348,448** | **2,617,216** | **2,904,901** | **3,212,043** | **3,908,674** | **6,143,680** |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں